رکوعات کے خلاصہ کے سلسلہ میں انہوں نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ سادہ قرآن پاک سے بہ نظر غائر ایک رکوع پڑھا اور مختصر الفاظ میں اس کا خلاصہ قلم بند کیا۔ مولف نے حتی الوسع فنی بحثوں سے اجتناب برتا ہے۔ اور رائج الوقت مناظرانہ موشگافیوں سے دور رہے ہیں۔

کتاب کے دوسرے حصہ میں قرآن کے مختلف ناموں، سورتوں اور ان کے رکوعات کی تفصیل، کاتبین وحی، قرآن کے مختلف زبانوں میں تراجم اور ان کے علاوہ وہ تمام بنیادی معلومات حسن سلیقہ کے ساتھ درج کی گئی ہیں۔ جن کا جاننا قرآن کے ایک طالب علم کے لئے ضروری ہے۔

انداز بیان سادہ اور سلیس ہے اور عام پڑھا لکھا آدمی اس کتاب سے بخوبی استفادہ کر سکتا ہے۔ امید ہے محمد میاں صدیقی صاحب کی یہ تالیف قرآن فہمی میں معاون ثابت ہو گی۔

سرسید کی کہانی - ان کی اپنی زبانی | مؤلف ضیاءالدین لاہوری۔ ملنے کا پتہ۔ مکتبہ شاہد ۹/۱ علی گڑھ کالونی کراچی ۲۱
صفحات ۱۱۲ - قیمت ۱۵ روپے - اسّی سال پہلے خواجہ الطاف حالی نے سرسید احمد خان کی سوانح عمری "حیات جاوید" لکھی تھی اور یہ سوانح عمری اپنی کوتاہیوں کے باوجود سرسید احمد خان کی زندگی اور خیالات کے بارے میں اب بھی ابتدائی ماخذ ہے۔ ضیاءالدین لاہوری صاحب نے حیات جاوید سے بعض واقعات کو مناسب ترتیب سے یکجا کیا ہے جو مولانا حالی کو براہ راست سرسید یا ان کے قریبی رفقا سے معلوم ہوئے تھے یہ اقتباسات سوانح کا ایک رخ متعین کرتے ہیں۔ کتاب کا مقدمہ ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری نے لکھا ہے اور انہوں نے سرسید احمد خان کے فکر و عمل پر بھرپور گرفت کی ہے۔ (اختر راہی)

مسائل نماز | از مولانا اشرف علی قریشی۔ مدیر جامعہ اشرفیہ پشاور

یہ کتاب مسائل نماز، وضو، اذان، جنازہ، عیدین اور صبح شام کے اذکار و ادعیہ کی ایک جامع پاکٹ بک ہے جو حد درجہ سلیقہ سے مرتب کی گئی ہے۔ سفر و حضر میں ساتھ رکھنے سے ہر موقعہ پر فائدہ یقینی ہے۔

غزوات نبویؐ | مؤلف: ثناءالحق صدیقی - ناشر۔ پاک اکیڈمی ۱/۱۴۲ وحید آباد (گولی مار) کراچی ۱۸
صفحات ۱۶۰ - قیمت ۶ روپے

سیرت پاک پر حال ہی میں شائع ہونے والی کتابوں میں سے ایک زیر نظر ہے۔ اس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ستائیس غزوات کے واقعات اختصار سے بیان کئے گئے ہیں۔ جناب مؤلف وسیع المطالعہ اور صاحب نظر ہیں۔ ان کی یہ تالیف گو مختصر ہے مگر اپنے موضوع پر کافی مفید ہے۔

❀❀❀❀❀